فہم سنت سلسلہ نمبر: 4

# کمانے اور خرچ کرنے کی 66 سنتیں

- اگر ان 66 سنتوں پر عمل کر لیا جائے تو اسلام کے نظام معیشت سے متعلق اکثر تعلیمات پر عمل ہو جائے گا
- مال کمانے کی 53 سنتیں
- مال خرچ کرنے کی 13 سنتیں
- کمانے اور خرچ کرنے میں حقوق اللہ، حقوق العباد کا تعین اور تفصیلات
- کاوربای/تجارتی اداروں اور کاروباری حضرات کے لیے آمدن اور خرچ کے اعتبار سے بہترین مواد

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: جامعہ معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# کمانے سے متعلق 53 سنتیں

## ❑ شرعی، اخلاقی تعلیمات کا نچوڑ 3 سنتیں

**سنت** 1: مال کی کثرت نہیں برکت کے حصول کو ترجیح دینا **(1)**

**سنت** 2: آزاد نہیں پابند بن کر (شرعی، اخلاقی، قانونی پابندیوں کے ساتھ) کمانا **(2)**

**سنت** 3: رزق کے صرف ظاہری اسباب نہیں غیبی اسباب بھی اختیار کرنا:

(1) فکرِ آخرت **(3)** (2) استغفار **(4)**

(3) تقویٰ **(5)** (3) توکل **(6)**

(4) پے در پے حج وعمرہ **(7)** (6) صلہ رحمی **(8)**

(7) کمزوروں کی مدد **(9)** (8) سچائی، امانت **(10)**

(9) سویرے کاروباری سرگرمی **(11)** (10) شکر **(12)**

(11) صبر **(13)**

## ❑ کیوں کمانا ہے اور کب کمانا ہے 3 سنتیں

**سنت** 1: اچھی نیتوں کے ساتھ کمانا:

(1) سوال سے بچنا (2) کفالت کا فریضہ ادا کرنا

(3) راہِ خدا میں خرچ کرنا **(14)** (4) فرض کفایہ ادا کرنا

(5) سبب اختیار کرنے کے حکم پر عمل کرنا۔ **(15)**

**سنت** 2: بری نیتوں کے ساتھ نہیں کمانا:

**سنت** 2: بری نیتوں کے ساتھ نہیں کمانا:

(1) مال بڑھانا (2) مالداری جتلانا

(3) نام ونمود (16) (4) ناجائز خواہشات پوری کرنا (17)

**سنت** 3: اپنی کاروباری سرگرمیاں صبح سویرے شروع کرنا (18)

## □ شرعی تعلیمات/حقوق اللہ 11 سنتیں

**سنت** 1: اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی کے ساتھ کمانا۔ (19)

**سنت** 2: باطل معاملات (بیع باطل) نہیں کرنی (20)

**سنت** 3: فاسد معاملات (بیع فاسد) نہیں کرنی (21)

**سنت** 4: اللہ کے دیہان فکر آخرت کے ساتھ کمانا کمانے میں ایسا مشغول اور اللہ سے ایسا غافل نہیں ہونا کہ نماز/ جماعت، روزہ، حج چھوٹ جائے یا زندگی کے مقصد (بندگی عبادت) ہی میں خلل آئے (22) یا دین سیکھنے اور دین پھیلانے کی ذمہ داریوں میں کوتاہی اور غفلت ہونے لگے (23)

**سنت** 5: کوئی بھی فیصلہ لینے سے پہلے خاص طور سے اہم معاملات میں اللہ تعالیٰ سے استخارہ، ماہرین سے مشورہ ضرور کرنا، جلد بازی کے فیصلوں سے بچنا۔ (24)

**سنت** 6: کاموں میں آسانیاں، کامیابیاں حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے مدد، استعانت اور ناکامی، مشکلات سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ سے پناہ، حفاظت مانگتے رہنا۔ (25)

**سنت** 7: اسباب ووسائل تدبیر اختیار کرنا، محنت کوشش کرنا لیکن نتیجہ (کامیابی، ناکامی) کو اس پر موقوف نہیں سمجھنا کامیابیوں کو اپنی محنت، کوششوں، صلاحیتوں کے بجائے اللہ تعالیٰ کی عطاء سمجھنا (یعنی توکل کرنا) (26)

المنبر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

**سنت** 8: کوششوں میں اگر کامیابیاں نصیب ہوں تو اللہ کا شکر ادا کرنا۔(27)

**سنت** 9: کوششوں کے باوجود اگر نقصان ہو تو نقصان میں صبر وقناعت کرنا، شکوے شکایتیں مایوسی ناامیدی سے بچنا تدبیروں، کوششوں کو جاری رکھنا۔(28)

**سنت** 10: کمانے کا فریضہ (جو کہ خود عبادت ہے) کی ادائیگی کے دوران آنکھوں سے بدنظری نہ کرنا اور کانوں سے گانے سن کر اپنی کمائی کو آلودہ نہیں کرنا(29)

**سنت** 11: اپنی پاکیزہ کمائی کو نامحرم سے غیر ضروری اختلاط، تعلقات، میل ملاقات خاص طور سے تنہائی میں ملاقات کی وجہ سے آلودہ نہیں کرنا۔(30)

## ❑ اخلاقی تعلیمات/حقوق العباد 29 سنتیں

**سنت** 1: اللہ تعالیٰ کے بندوں کے حقوق کی ادائیگی کے ساتھ کمانا۔(31)

**(1) گاہک/کسٹمر کے حقوق**

**سنت** 1: گاہک (کسٹمر) سے مال فروخت کرتے وقت یا خدمت (سروس) فراہم کرتے وقت غلط بیانی نہ کرنا۔(32)

**سنت** 2: خریدار/کسٹمر سے مال/سروس کا عیب، خامی نہ چھپانا۔(33)

**سنت** 3: گاہک/کسٹمر کی کسی مجبوری سے فائدہ نہ اٹھانا۔(34)

**سنت** 4: گاہک/کسٹمر کا ایسا مال/سروس فراہم نہ کرنا جس میں اس کا دینی، ایمانی، جسمانی نقصان ہو۔(35)

**سنت** 5: گاہک/کسٹمر کا سودا بے جا مداخلت کر کے خراب نہ کرنا۔(36)

**(2) فروخت کنندہ کے حقوق**

**سنت** 1: فروخت کنندہ سے غلط بیانی نہ کرنا۔(37)

**سنت** 2: فروخت کنندہ کی مجبوری سے فائدہ نہ اٹھانا۔(38)

**سنت** 3: فروخت کنندہ کا سودا بے جا مداخلت کر کے خراب نہ کرنا۔(39)

(3) اہل شہر کے حقوق

**سنت** 1: ذخیرہ اندوزی نہ کرنا۔(40)

**سنت** 2: باہر سے آنے والے مال کے شہر پہنچنے سے پہلے خریداری سے اگر اہل شہر کو ضرر نقصان پہنچتا ہو تو ایسا (تَلَقِّي جَلَب) نہ کرنا۔(41)

**سنت** 3: شہر والوں کو چھوڑ کر باہر والوں کو مال بیچنا یا باہر سے شہر مال فروخت کرنے کی نیت سے آنے والوں کے لیے دلال/ ایجنٹ بننا جبکہ شہر والوں کو ضرور ونقصان پہنچتا ہو۔(بَيْع حَاضِرٍ لِلْبَادِيْ) ایسا نہ کرنا۔(42)

**سنت** 4: تاجر برادری وغیرہ کا باہمی گٹھ جوڑ سے چیزوں سروسز کے ریٹ/ قیمتوں میں مصنوعی گرانی پیدا کر کے لوگوں کے لیے مشکلات کھڑی نہ کرنا۔(43)

(4) مالکان کے حقوق

**سنت** 1: مالکان کے ساتھ خیر خواہانہ رویہ اختیار کرنا۔(44)

**سنت** 2: مالکان کے ساتھ خیانت نہ کرنا۔(45)

**سنت** 3: مالکان کے ساتھ جھوٹ نہ بولنا۔(46)

(5) ملازمین کے حقوق

**سنت** 1: ملازمین سے ان کی طاقت سے زیادہ کام نہ لینا۔(47)

**سنت** 2: ملازمین کے ساتھ ظلم وزیادتی توہین، تحقیر تذلیل والا معاملہ نہ کرنا۔(48)

**سنت** 3: ملازمین کو بروقت ان کا پورا حق دینا(49)

**سنت** 4: ملازمین کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کو پورا کرنا(50)

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

(6) شریک/ پارٹنر کے حقوق

**سنت** 1 : پارٹنر کے ساتھ ظلم زیادتی ناانصافی نہ کرنا(51)

(7) کاروباری پڑوسی کے حقوق(52)

**سنت** 1 : کاروباری پڑوسی کو اذیت، تکلیف نہ دینا، ان کے ساتھ خیر خواہی والا رویہ اختیار کرنا خیانت نہ کرنا(53)

(8) بیوی، بچوں، والدین زیر کفالت رشتہ داروں کے حقوق

**سنت** 1 : بیوی بچوں، والدین رشتہ داروں کو ان کے حصہ کا پورا وقت صحیح طریقے سے دینا ان کی تعلیم تربیت ضروریات سے متعلق اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا۔

کمانے کی مشغولیت کی وجہ سے اس میں غفلت نہ کرنا۔(54)

(9) اپنی ذات کے حقوق

**سنت** 1 : اپنی جان، صحت قوت، ذہنی یکسوئی کا خیال رکھنا۔ کمانے کی مشغولیت کی وجہ سے اس میں غفلت نہ کرنا۔(55)

**سنت** 2 : اپنے آپ کو آخرت کے عذاب سے بچانا۔ کمانے کی مشغولیت کی وجہ سے اس میں غفلت نہ کرنا۔(56)

(10) ناحق کسی کا مال نہ لینا

**سنت** 1 : کسی کی رضامندی کے بغیر کسی کا مال نہ لینا(57)

**سنت** 2 : کسی کا مال غصب نہ کرنا چوری نہ کرنا(58)

**سنت** 3 : سود سے بچنا(59)

**سنت** 4 : جوے سے بچنا(60)

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## لڑائی جھگڑوں سے بچانے والی 7 سنتیں

**سنت 1:** جس سے جو بھی معاملہ کیا جائے وہ معامل بالکل صاف شفاف اور واضح ہو اس میں کسی قسم کا ابہام نہ ہو۔(61)

**سنت 2:** فریقین کے مابین جو معاملات طے پائیں یا جو لین دین ہو ان تمام معاملات کو معاہدوں، اصول وضوابط اور طے شدہ شرائط کو تحریری صورت میں بھی محفوظ رکھا جائے۔(62)

**سنت 3:** تحریر پر گواہ بھی بنالیے جائیں اور بوقت ضرورت رہن رکھ لیں، زرضمانت وصول کرلیں، کسی شخص کو ضامن مقرر کرلیں۔(63)

**سنت 4:** معاشرے میں رائج قانونی احتیاطی تدابیر بھی اختیار کرلیں۔(64)

**سنت 5:** اگر کسی وجہ سے آپس میں اختلاف ہو جائے تو باتیں دل میں نہ رکھیں بلکہ اچھے انداز سے کہہ سن کر تبادلہ خیال کر کے مسئلہ جلد حل کرنے کی کوشش کریں۔(65)

**سنت 6:** اگر باہمی تبادلہ خیال کرنے سے آپس کے جھگڑے حل نہ ہوں تو ثالث اور فیصل کے ذریعہ یا کسی جائز بیرونی دباؤ کے ذریعہ مسئلہ حل کرنے کی کوشش کی جائے فیصلہ شریعت ہونی چاہیے پھر فیصل کی طرف سے جو فیصلہ آئے اس کو قبول کریں اگرچہ ذاتی مفاد کے خلاف ہو اور کھلے دل سے تسلیم کریں۔ شریعت کے فیصلہ پر تنگ دل نہ ہوں۔(66)

**سنت 7:** باہمی تبادلہ خیال اور ثالث کے ذریعے تنازعات اور لڑائی جھگڑے حل نہ ہوں تو تکلیف اور اذیت سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ فریق مخالف سے احسن انداز سے کنارہ کشی اختیار کرلی جائے جبکہ علیحدگی کی صورت میں اس سے زیادہ بڑی کسی تکلیف پیش آنے کا اندیشہ نہ ہو۔(67)

المنبر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# خرچ کرنے کی 13 سنتیں

## ❑ شرعی، اخلاقی تعلیمات کا نچوڑ 2 سنتیں

**سنت 1:** آزاد نہیں پابند بن کر (شرعی، اخلاقی، قانونی پابندیوں کے ساتھ) خرچ کرنا(68)

**سنت 2:** خرچ کرنے میں تبذیر (ناجائز خواہشات میں مال خرچ کرنا یا ناحق خرچ کرنا) اسراف (زائد از ضرورت خرچ کرنا) اور بخل (خرچ میں بلاوجہ تنگی، کمی کرنا) سے بچتے ہوئے میانہ روی اختیار کرنا اور اعتدال میں رہتے ہوئے حسب حال ضروریات میں وسعت کرنا (آسائش) جائز ہے، زینت و آرائش میں خرچ کرنا بھی جائز ہے بلکہ بعض جگہ تو اس کا حکم ہے، البتہ نمائش منع ہے۔(69)

## ❑ کیوں خرچ کرنا 2 سنتیں

**سنت 1:** اچھی نیتوں کے ساتھ خرچ کرنا:

(1) اللہ کے دین اور اللہ کے مخلوق پر خرچ کرتے ہوئے صرف اور صرف اللہ کی رضا کی نیت ہو(70)

(2) اللہ کے دین اور اللہ کی مخلوق پر خرچ کرنے میں نفس کی اصلاح (مال کی محبت اور بخل کی خصلت نکالنے) کی نیت ہو(71)

(3) اللہ کے دین اور اللہ کی مخلوق پر خرچ کرنا خوش دلی اور بشاشت کے ساتھ ہو(72)

**سنت 2:** بری نیتوں کے ساتھ نہیں خرچ کرنا:

(1) اللہ کے دین ، اللہ کی مخلوق اوراپنے اوپر خرچ کرنے میں نام نمود، دکھلاوہ، شہرت، دوسروں پرفوقیت جتلانے کی نیت نہ ہو(73)

(2) دوسروں پرخرچ کرتے ہوئے احسان جتلانے،تنگ کرنے کی نیت نہ ہو(74)

(3) دوسروں پرخرچ کرتے ہوئے بدلہ کی نیت نہ ہو (75)

(4) دوسروں پرخرچ کرتے ہوئے تنگ دلی طبیعت میں گرانی اور بوجھ نہ ہو(76)

## ❑ شرعی تعلیمات/حقوق اللہ 2 سنتیں

**سنت 1:** خرچ کرنے میں اللہ تعالی کے حق کا بھی خیال رکھنا

دین دنیامیں زندہ ہوجائے اشاعت دین اورحفاظت دین کے لیے جومحنتیں ہورہی ہیں اس پرخرچ کرنا(77)

**سنت 2:** حقوق اللہ (عبادات مالیہ ) زکوٰۃ ،عشر،حج ،قربانی ،صدقہ فطر ذمہ میں واجب الاداءہو یا نذر مانی ہواوراس کو پورا نہ کیا ہو یا کفارے (قسم توڑنے یا روزہ توڑنے وغیرہ کی وجہ سے )ذمہ میں ہوں تواس کی ادائیگی میں مال خرچ کرنا(78)

## ❑ اخلاقی تعلیمات/حقوق العباد 7 سنتیں

اللہ تعالی کے بندوں کےحقوق کی ادائیگی میں مال خرچ کرنا

**سنت 1:** اپنی حیثیت کےمطابق بیوی کی ضروریات ،نان نفقہ( کھانا، پینا، پہننا، اوڑھنا، بچھونا ، رہائش ، دیگرضروریات علاج معالجہ،مہرکی ادائیگی ) کی پوری پوری، بروقت ادائیگی میں مال خرچ کرنا۔مزید جیب خرچ بھی دینا تاکہ وہ آزادی سے اپنے والدین،رشتے داروں پرخرچ کرنا چاہےتوکرسکے۔

بیوی کے ذاتی مال اسی طرح سسرال کے مال میں کسی قسم کی لالچ کا مظاہرہ نہ کرنا کسی

المنبر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

قسم کا مطالبہ نہ کرنا، دباؤ نہ ڈالنا(79)

**سنت** 3: اپنی اولاد پر مال خرچ کرنا خاص طور سے جب اولاد نابالغ ہو یا اولاد بالغ ہو اور معذور ہو کما نہیں سکتا ہو مثلاً اپاہج ہو یا بالغ لڑکی اگر محتاج ہو تو ان کے اخراجات اور ضروریات میں مال خرچ کرنا والدین پر ضروری ہے۔(80)

**سنت** 4: ماں باپ پر مال خرچ کرنا اور اگر ماں باپ محتاج ہوں ان کے پاس خرچ کرنے کے لیے ذاتی مال نہ ہو، اگرچہ وہ کمانے پر قادر ہوں اولاد مالدار ہو تو اولاد پر ان کے اخرجات اور ضروریات میں مال خرچ کرنا ضروری ہے۔(81)

**سنت** 5: رشتہ دارں پر مال خرچ کرنا اور اگر رشتہ دار غریب محتاج ہوں اور کمانے سے عاجز ہوں، جیسے: چھوٹا بچہ ہو، عورت ہو، نابینا ہو، اپاہج ہو وغیرہ وغیرہ۔ اور خرچ کرنے والا خود بھی مالدار ہو تو ان کے اخراجات اور ضروریات میں مال خرچ کرنا ضروری ہے۔(82)

**سنت** 6: حاجت مندوں پر مال خرچ کرنا(ذاریات:19، حیاۃ المسلمین، روح:15)

**سنت** 7: اپنی جان، صحت عزت اور اپنے دین کی حفاظت کے لیے مال خرچ کرنا(83)

**سنت** 8: اپنے مملوکہ حیوانات کے کھانے پینے اور آرام کا خیال رکھنا مالک پر لازم اور ضروری ہے ان کی ضروریات میں مال خرچ کرنا(84)

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# کمانے کی 53 سنتیں

گزشتہ صفحات میں کمانے سے متعلق جو 53 سنتیں ذکر کی ہیں ان کو اپنے عمل میں لانے کے لیے ذیل میں ہر سنت کے سامنے تیس، تیس خانے ہیں۔ ایک ماہ تک روزانہ ایک خانہ کو اس طرح پُر کریں کہ اگر اس معمول پر عمل کیا ہے تو ✓ کا نشان، نہیں کیا تو ✗ کا نشان لگا دیں۔

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |
| سنت7 | |
| سنت8 | |
| سنت9 | |
| سنت10 | |
| سنت11 | |
| سنت12 | |
| سنت13 | |

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | |
|---|---|
| سنت14 | |
| سنت15 | |
| سنت16 | |
| سنت17 | |
| سنت18 | |
| سنت19 | |
| سنت20 | |
| سنت21 | |
| سنت22 | |
| سنت23 | |
| سنت24 | |
| سنت25 | |
| سنت26 | |
| سنت27 | |
| سنت28 | |
| سنت29 | |
| سنت30 | |
| سنت31 | |

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | |
|---|---|
| سنت32 | |
| سنت33 | |
| سنت34 | |
| سنت35 | |
| سنت36 | |
| سنت37 | |
| سنت38 | |
| سنت39 | |
| سنت40 | |
| سنت41 | |
| سنت42 | |
| سنت43 | |
| سنت44 | |
| سنت45 | |
| سنت46 | |
| سنت47 | |
| سنت48 | |
| سنت49 | |

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | |
|---|---|
| **سنت**50 | |
| **سنت**51 | |
| **سنت**52 | |
| **سنت**53 | |

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# خرچ کرنے کی 13 سنتیں

گزشتہ صفحات میں خرچ کرنے سے متعلق جو 13 سنتیں ذکر کی ہیں ان کو اپنے عمل میں لانے کے لیے ذیل میں ہر سنت کے سامنے تیس، تیس خانے ہیں۔ایک ماہ تک روزانہ ایک خانہ کو اس طرح پُر کریں کہ اگر اس معمول پر عمل کیا ہے تو ✓ کا نشان ،نہیں کیا تو ✗ کا نشان لگادیں۔

| | |
|---|---|
| سنت1 | |
| سنت2 | |
| سنت3 | |
| سنت4 | |
| سنت5 | |
| سنت6 | |
| سنت7 | |
| سنت8 | |
| سنت9 | |
| سنت10 | |
| سنت11 | |
| سنت12 | |
| سنت13 | |

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# حوالہ جات

## ❑ کمانے کی سنتیں

**(1)**(ھود:86،اعراف:96)

**(2)**(ھود:86۔87،بقرۃ:168۔172،مؤمنون:51،جامع الاصول:8136۔7507۔2598، بخاری:6427،ترمذی:1210۔2416،ابن ماجہ:2146،مسند احمد:6652۔17763)

**(3)**(ابن ماجہ:4105)

**(4)**(نوح:11۔12)

**(5)**(طلاق:2۔3،اعراف:96)

**(6)**(ابن ماجہ:4164)

**(7)**(نسائی:2631)

**(8)**(بخاری:2067)

**(9)**(ابوداؤد:2594)

**(10)**(بخاری:2114)

**(11)**(ابوداؤد:2606)

**(12)**(بقرۃ:152)

**(13)**(بقرۃ:156)

**(14)**(مشکوۃ:5207)

**(15)**(احیاء العلوم:158/2،کویتیہ، کسب:6)

**(16)**(مشکوۃ:5207)

**(17)**(ترمذی:2325)

**(18)**(ابوداؤد:2606،ترمذی:1212،ابن ماجہ:2236)

**(19)**(بخاری،بیوع/التجارۃ فی البِرّ)

**(20)**(بقرۃ:172۔188۔275،نساء:29،مؤمنون:51)

**(21)**(بقرۃ:172۔188۔275،نساء:29،مؤمنون:51)

**(22)**(منافقون:9،جمعہ:9،نور:39)

**(23)**(توبہ:24)

**(24)**(آل عمران:159،شوریٰ:38،بخاری:5903،احمد،ابو یعلی،حاکم،ترمذی،الجامع الصغیرو مجمع الزوائد:38/2)

**(25)**(جامع الاصول:7592،ترمذی:2152،جامع الاصول:4357خ دت س)

**(26)**(قصص:78)

**(27)**(بقرۃ:152،اعراف:69)

**(28)**(بقرۃ:156)

**(29)**(نور:30ـ31،جامع الاصول:4959ـ823،مسلم:2657،ترمذی:2779،ابوداؤد:4112، لقمان:6،مسند احمد4633،شعب الایمان للبیہقی:4746،ترمذی:221)

**(30)**(ترمذی:1171ـ1172ـ2779،بخاری:5232،مسلم:2173)

**(31)**(مشکوٰۃ:5132،7ـ6ـ5125)

**(32)**(ترمذی:1209،الترغیب:1782ـ3،ابن ماجہ:2139،بخاری،رقم:2088)

**(33)**(الترغیب:1775،ابن ماجہ:7ـ2246ـ2241،مسلم:296،بخاری:2088)

**(34)**(ابوداود:3382)

**(35)**(ابن ماجہ:2340،ترمذی:1ـ1970،ابن ماجہ:4218،بخاری:2518)

**(36)**(مسلم:3788)

**(37)**(بخاری:2142ـ2140،مسلم:1519،بخاری:2166ـ2158)

**(38)**(ابوداود:3382)

**(39)**(بخاری:5143،رقم:1414)

**(40)**(مسلم:1605،ابوداود:3447،ابن ماجہ:2145ـ2153ـ2155،مسند احمد:4648)

**(41)**(مسند احمد:4648،مسلم:1519،بخاری:2166ـ2158)

**(42)**(بخاری:2159،مسلم:1522،بخاری:2161،مسلم:1523)

**(43)**(زخرف:32،مسلم:1522)

**(44)**(ابن ماجہ:1956،قصص:12،بخاری:2408،جامع الاصول:5903)

**(45)**(انفال:27،قصص:26،ترمذی:3165)

**(46)**(ترمذی:3165،مشکوٰۃ:5561)

**(47)**(بقرۃ:185ـ286،قصص:27،حج:78،مسلم:1828،ترمذی:1940ـ1941، مجمع الزوائد:1204،بخاری:2545،مسلم:1661ـ1662،جامع الاصول:5890،ابوداود:3052،جامع الاصول:1139،ابوداود:2549ـ8،جامع الاصول:2631،ابوداود:2567،مسند احمد:15620)

**(48)**(طبرانی:436/4،انبیاء:47،شعراء:215،ابوداود:5161ـ5159،مشکوٰۃ:3368،جامع

الاصول:5896-5899، ترمذی:1948، ابن ماجہ:3691، مسلم:2328)

**(49)** (بقرۃ:188، بخاری:2289، مسلم:996، شعراء:182، مطففین:1-3، رحمن:9، سنن کبریٰ:6/121)

**(50)**(مائدہ:1، صف:2، رعد:20، بخاری:34-2672)

**(51)**(بقرۃ:279، ص:24، ابوداؤد:3383-4836)

(52)(مشکوۃ:4963، ترمذی:1944، مسند احمد:9675، بخاری:2258، مسلم:46)

**(53)**(نساء:36، بخاری:6016، ابوداؤد:5153)

**(54)**(نساء:19، جامع الاصول:52-92-3940-7300، ابن ماجہ:1851، ابوداود:2425، تحریم:6، بخاری:893الزوائد:13459، ابوداود:4904)

**(55)**(بقرۃ:195، نساء:29)

**(56)**(منافقون:9، تحریم:6، نورۃ:37)

**(57)**(نسائی:29-10، مسند احمد:23605، جامع الاصول:9369-2551، بخاری:2387-2452-1742)

**(58)**(نساء:29، جامع الاصول:53-3037-9369، بخاری:1742، مائدۃ:38، ترمذی:1133، مشکوۃ:53، انفال:27)

**(59)**(روم:39، آل عمران:130، جامع الاصول:368-378-379، مسلم:4071)

**(60)**(مائدۃ:91-90، بقرۃ:219، مسند احمد:6547)

**(61)**(بقرۃ:282-291، بخاری:2509، مسلم:4114، ترمذی:1069)

**(62)**(ترمذی:1216، بخاری:2732)

**(63)**(یوسف:72، ترمذی:1069، بقرۃ:282، بخاری:2509)

**(64)**(ابوداود:3627)

**(65)**(حشر:10، ترمذی:3896، ابوداود:4860، ابن ماجہ:4216، نساء:128)

**(66)**(نساء:35، حجرات:9، نور:47-48، نساء:59، شوریٰ:10، مائدۃ:44-45)

**(67)** (بقرۃ:229)

## ❑ خرچ کرنے کی سنتیں

**(68)**(اعراف:31، نساء:38-39، بخاری کتاب اللباس:5783)

**(69)**(اصلاحی خطبات از مفتی تقی عثمانی صاحب:2/55، اسراء:26-27، طٰہٰ:81، اسلامی معاشیات مناظر احسن گیلانی:440، مجلۃ:3/511، نضرۃ النعیم: تبذیر)

**(70)**(بقرۃ:272،انور البیان:1/414،بقرۃ:261،بیان القرآن:1/180،کشف الرحمن،معارف القرآن،ج:37،انوار البیان:3/655،کشف الرحمن،مظھری،ماجدی،معارف القرآن،دھر:8، بقرۃ:271،توبۃ:109،المعجم الکبیر طبرانی مجمع الزوائد:3/293،جامع الاصول:725۔8473۔1107۔4676،بخاری:1422،جامع الاصول:4664۔7317۔4646،ترمذی:3369)

**(71)**(بقرۃ:265،انوار البیان:1/405)

**(72)**(جامع الاصول:15،ابوداود:1582،توبۃ:99)

**(73)**(نساء:38۔39،بقرۃ:264،جامع الاصول:2645،مسند احمد:17140۔17120،المعجم الاوسط للطبرانی:2603،ابن ماجہ:3607،جامع الاصول:2657،بخاری:4962،مسند احمد:27574،حیاۃ الصحابہ:2/744،جامع الاصول:7528،مسلم:8،جامع الاصول:2،ابن ماجۃ،رقم:1915)

**(74)**(الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ،زکوٰۃ،فقرۃ:134،الفقہ الاسلامی وأدلتہ:2/896ط:دار الفکر،سیرۃ النبی ﷺ:5/160،بقرۃ:262۔63۔64۔66)

**(75)**(دھر:9،روم:39،جامع الاصول:200۔4683)

**(76)**(توبۃ:98۔79،جامع الاصول:7926،توبۃ:79)

**(77)**(توبہ:41،بقرۃ:273،اسراء:26)

**(78)**(الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ،دین اللہ،فقرۃ:9)

**(79)**(طلاق:7،بقرۃ:233،نساء:21،الأحوال الشخصیۃ،مادۃ:204،کویتیۃ،نفقۃ،فقرۃ:6، عطر ھدایۃ:344،جامع الاصول:1796۔52۔5933۔5891۔7262۔9251،کویتیۃ،نفقۃ،فقرۃ:4، الاحوال الشخصیۃ،مادۃ:160،1/379،مسلم،الزکوٰۃ:996،بخاری:5357،مسلم:1757)

**(80)**(کویتیۃ،حضانۃ،فقرۃ:16،نفقۃ،فقرۃ:58-55،اعسار،فقرۃ:18،ولد،فقرۃ:25،نیت، فقرۃ:6،بطالۃ،فقرۃ:5،کسب،فقرۃ:15،بنت،فقرۃ:6)

**(81)**(الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیۃ،کسب،فقرۃ:13)

**(82)**(بقرۃ:215۔177،نساء:36،بخاری:3008۔3165،جامع الاصول:4667۔189۔4559۔4676۔4673 ۔4703،کویتیہ،نفقۃ،فقرۃ،66)


**(83)**(کویتیۃ،انتحار،فقرۃ:3،کسب،فقرۃ:5،ضرویات،فقرۃ:5،نضرۃ النعیم تکریم الانسان)


**(84)** (کویتیۃ،حیوان:8،نفقۃ:71)

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## {مفتی منیر احمد صاحب مدظلہ کی تالیفات ورسائل}


| نمبر شمار | کتاب | نمبر شمار | کتاب |
|---|---|---|---|
| 1 | فہم ایمانیات | 19 | فہم جمعۃ المبارک |
| 2 | فہم محرم الحرام کورس | 20 | حلال وحرام رشتوں کی پہچان کے رہنما اصول |
| 3 | فہمِ صفر کورس | 21 | شادی مبارک |
| 4 | فہمِ شعبان کورس (شبّ براءت) | 22 | کامیاب گھرداری |
| 5 | فہمِ زکوٰۃ کورس | 23 | بیٹی مبارک ہو |
| 6 | فہمِ رمضان کورس | 24 | جذباتی رویوں سے ایسے بچیں |
| 7 | فہمِ حج وعمرہ کورس | 25 | سیرت کوئز لیول 1 |
| 8 | فہمِ قربانی کورس | 26 | سیرت کوئز لیول 2 |
| 9 | فہمِ دین کورس | 27 | حقوق مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| 10 | فہمِ طہارت کورس | 28 | حدیث اور اُس کا درجہ کیسے پہچانیں |
| 11 | فہمِ نماز کورس | 29 | ڈیپریشن، اسٹریس کے اسباب اور اُن کا حل |
| 12 | فہم حلال وحرام کورس | 30 | مالی معاملات اور اخلاقی تعلیمات |
| 13 | فہم مسائل حیض ونفاس | 31 | مالی معاملات اور شرعی تعلیمات |
| 14 | سخت بیماریوں، پریشانیوں کا یقینی علاج | 32 | مالی تنازعات اور ان کا حل |
| 15 | توبہ | 33 | فہم میراث |
| 16 | استخارہ | 34 | آسان علم النحو |
| 17 | مسنون اذکار | 35 | علم دین اور اس کے سیکھنے سکھانے کا صحیح طریقہ |
| 18 | فہم نکاح وطلاق | 36 | طبی اخلاقیات |

































Almuneer.pk AlmuneerOfficial Almuneer